غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

GET
GHAZALI EDUCATION TRUST


## قرآن پاک

جولوگ اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان کی مثال ایسی ہے جیسے ایک دانہ بویا جائے اوراس سے سات بالیں نکلیں اور ہر بالی میں سو دانے ہوں۔ (البقرہ 261)

## حدیث پاک

نبی مہربان ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تو میرے محتاج بندوں پر اور دین کا کام آگے بڑھانے کے لئے خرچ کرے، تو میں تجھ پر خرچ کروں گا۔ (حدیث قدسی)


جنوری 2005 | شمارہ نمبر 14 | مرتب کردہ: شعبہ انفارمیشن اینڈ پروموشن



66۔ایف، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔فون: 042-5882939,5850966

E-mail: info@get.org.pk Visit us: www.get.org.pk


## کینٹن غزالی ہائی سکول چیلہ (جھنگ)

ضلع جھنگ گندم اور گنا پیدا کرنے کے حوالے سے ملک بھر میں ممتاز ہے۔ لیکن تصویر کا دوسرا رُخ یہ ہے کہ اس کا شمار تعلیمی لحاظ سے پنجاب کے پسماندہ ترین اضلاع میں بھی کیا جاتا ہے۔ جاگیردارانہ ماحول ہونے کے باعث یہاں علم کی شمع اول تو جلائی نہ گئی اگر کوشش بھی کی گئی تو وہ ٹمٹماتی رہی۔ چیلہ گاؤں کا شمار بھی اس ضلع کے تعلیمی طور پر پسماندہ علاقوں میں کیا جاتا تھا یہ گاؤں جھنگ شہر کے شمال مغرب میں 35 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ یہاں کے باسی ذہین ہونے کے باوجود معیاری تعلیم سے محروم تھے۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے 1999ء میں یہاں ایک کمرہ، ایک کلاس اور ایک اُستاد کی بنیاد پر کرائے کی عمارت میں سکول کا آغاز کیا۔ 15 بچوں کے ساتھ شروع ہونے والا یہ ابتدائی سفر آہستہ آہستہ اپنی منزل کی طرف بڑھتا رہا ابتدائی مشکلات کے باوجود اساتذہ نے اپنی محنت جاری رکھی اور مقامی آبادی نے جب یہ اخلاص اور محنت دیکھی تو اپنے بچوں کو اس مادرِ علمی میں لیکر آنے لگے۔ یوں دیئے سے دیا جلتا رہا اور علم کی روشنی پھیلتی رہی عرصہ پانچ سال میں چیلہ سکول 7 کلاسز، 7 اساتذہ اور 209 بچوں پر مشتمل ایک معیاری ادارہ بن گیا لیکن اس ترقی کے باوجود وسائل کی قلت آڑے آنے لگی۔ کرائے کی عمارت تنگ پڑتی گئی۔ موسم کی شدت کے باوجود چند کلاسز کھلے آسمان تلے لگانی پڑتی تھیں۔ اگر کبھی بارش ہو جاتی تو ان بچوں کو چھٹی دینا پڑتی پورے گاؤں میں 7 کمروں والی کوئی اور عمارت کرائے پر میسر نہ تھی۔ اس مشکل صورتحال میں اللہ کی خصوصی مدد کے سوا کوئی سہارا نہ تھا۔ پھر اللہ کی مدد آن پہنچی اور امریکہ کی ریاست مشی گن کے ایک قصبے کینٹن کی مسلم کمیونٹی نے غزالی ٹرسٹ کے جنرل سیکرٹری سید وقاص انجم جعفری کی اپیل پر چیلہ سکول کو ایڈاپٹ کرلیا اور چیلہ کو کینٹن کا Twin Town قرار دیا۔ انکے اس فیصلے پر مقامی آبادی کے مرجھائے ہوئے چہرے کھل اُٹھے اور انہیں اپنے بچوں کے روشن مستقبل کے خواب پورے ہوتے نظر آنے لگے۔ بالآخر وہ گھڑی آن پہنچی جب 30 اپریل 2004ء کو چیلہ سکول کی نئی عمارت کا سنگِ بنیاد رکھا گیا اور آج یہ عمارت تعمیر کے آخری مراحل میں ہے۔ اب چیلہ سکول، کینٹن غزالی سکول سسٹم چیلہ کہلاتا ہے اور کینٹن کی مسلم کمیونٹی ہی کے تعاون سے بچیوں کے ہائی سکول کی تعمیر کیلئے زمین خریدی جا چکی ہے۔ قصبہ چیلہ جہاں بچیوں کے لیے تعلیم کا حصول ایک اجنبی تصور تھا اب یہاں کی بچیاں اپنے گاؤں ہی میں میٹرک تک تعلیم حاصل کرسکیں گی اور یوں علم و نور کا یہ سفر آگے بڑھ سکے گا۔



کینٹن غزالی ہائی سکول چیلہ کی زیرِ تعمیر عمارت۔

کینٹن مسلم کمیونٹی کے تعاون کی بدولت اب چیلہ کی سرزمین اچھی فصلیں پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ اچھی نسلیں بھی مہیا کرے گی۔ انشاء اللہ

## حرفِ آغاز

### اُستاد کا کردار

''غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ'' اپنے تعلیمی اہداف کے حصول کیلئے مادی و مالی وسائل سے زیادہ انسانی وسائل پر انحصار کرتا ہے یہی وجہ ہے کہ پنجاب کے دیہات میں تیزی سے پھیلتے ہوئے تعلیمی نیٹ ورک میں ہمارے سکولز کیلئے نہ تو مناسب عمارات ہیں اور نہ ہی دیگر ساز و سامان، بچوں کے لئے کھیل کے میدان اور تعلیمی سہولتوں کا فقدان ہے مگر ہم پاکستانی معاشرے میں ایک پُرعزم، محنتی اور بامقصد اُستاد کے کردار کو زندہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کیونکہ اُستاد نصاب اور کتاب سے بھی زیادہ اہم ہے۔

میں ذرّے ذرّے کو دیکھتا ہوں کہیں تو کوئی دھڑکتا دِل ہو
جو دِل بناتی تھی آب و گِل کو وہ روحِ پُراِضطراب گُم ہے

ہمارے نزدیک اُستاد وہ ہے جس کے بغیر طلبہ و طالبات اُداس ہو جاتے ہوں لہٰذا غزالی کے اداروں سے وابستہ اُستاد ذہن سازی بھی کرتا ہے اور کردار سازی بھی

بقول علامہ اقبال

جہان تازہ کی افکارِ تازہ سے ہے نمود
کہ سنگ و خشت سے ہوتے نہیں جہاں پیدا

ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل

(پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل)
صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

## سینئر صوبائی وزیر سرحد سراج الحق کے اعزاز میں عشائیہ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس میں دارارقم سکول سسٹم کے تعاون سے صوبہ سرحد کے سینیئر وزیر اور وزیر خزانہ سراج الحق کے اعزاز میں ایک پروقار عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے ادا کئے۔ صدر ٹرسٹ پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے اپنے خطاب میں معزز مہمان کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور ٹرسٹ کے مقاصد سے حاضرین کو آگاہ کیا۔ بعدازاں ٹرسٹ کی تعارفی ڈاکومنٹری دکھائی گئی، جسے حاضرین نے گہری دلچسپی سے دیکھا۔ مہمان خصوصی سراج الحق نے خطاب کرتے ہوئے اپنے بچپن میں حصول تعلیم کے حوالے سے پیش آنے والی مشکلات کا ذکر کیا اور فروغ تعلیم کے لئے غزالی کی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے ذمہ داران ٹرسٹ کو صوبہ سرحد تک بھی ٹرسٹ کے نیٹ ورک کو توسیع دینے کی دعوت دی اور اس سلسلے میں صوبائی حکومت کی طرف سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ سراج الحق نے سرحد حکومت کے حوالے سے حاضرین کے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ علاوہ ازیں حاضرین نے ''وزٹر بک'' میں اپنے تاثرات درج کئے۔

## شعبہ اکاؤنٹس کے لئے نئے سوفٹ ویئر کی تیاری

جدید ٹیکنالوجی کا استعمال زندگی کے ہر شعبے کے لئے بنیادی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹرسٹ کے شعبہ اکاؤنٹس نے پیشہ وارانہ ضروریات کی بہتر انداز سے تکمیل کیلئے کمپیوٹر سوفٹ ویئر تیار کروایا ہے۔ اس سوفٹ ویئر کے استعمال سے شعبے کی کارکردگی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

## افطار ڈنر

رمضان المبارک میں دعوت افطار کا اہتمام خوبصورت سماجی تقریب ہونے کے ساتھ ساتھ دیرینہ اسلامی روایت بھی ہے۔ اس روایت کو اپناتے ہوئے ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر محمد مشتاق احمد مانگٹ ہر سال غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے مرکزی دفتر میں ''افطار ڈنر'' کا اہتمام کرتے ہیں۔ اس پروگرام کا ایک مقصد اہم افراد کو ٹرسٹ کی سرگرمیوں سے آگاہ کرنا بھی ہے۔ ۲۲ رمضان المبارک کو ہونے والے اس افطار ڈنر کے مہمان خصوصی حافظ سلمان بٹ (ممبر قومی اسمبلی) تھے۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرسٹ سید عامر محمود نے ادا کئے، محمد مشتاق مانگٹ نے حاضرین کی آمد کا شکریہ ادا کیا۔ صدر ٹرسٹ پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے حاضرین کو غزالی ٹرسٹ سے متعلق آگاہ کرتے ہوئے ماہانہ/سالانہ بنیادوں پر مستقل عطیے کی اپیل کی۔ مہمان خصوصی حافظ سلمان بٹ نے اپنے خطاب میں غزالی ٹرسٹ کی خدمات کو سراہتے ہوئے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور حاضرین کو بھی فروغ تعلیم کی اس منفرد جدوجہد میں شرکت کی دعوت دی تاکہ وطن عزیز ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکے۔ آخر میں ڈنر کے بعد اس خوبصورت محفل کا اختتام ہوا۔

## معروف کالم نگاروں کے غزالی ٹرسٹ کے بارے میں کالم

روزنامہ جنگ کے نامور اور بزرگ کالم نگار ''ارشاد احمد حقانی'' نے اپنے 19 اکتوبر 2004ء کے کالم میں ٹرسٹ کی خدمات کو سراہتے ہوئے اہل خیر سے اس نیک مقصد میں تعاون کی اپیل کی۔ جبکہ روزنامہ انصاف کے کالم نگار ''سیف اللہ خالد'' نے غزالی سکول کالر (شیخوپورہ) کا دورہ کیا اور بعد ازاں اپنے 22 اکتوبر کے کالم میں اس دورے کے تاثرات بیان کرتے ہوئے درد دل رکھنے

والے حضرات کو غزالی ٹرسٹ کے کام سے آگاہی حاصل کرنے کی دعوت دی۔

## سماجی تنظیموں کی تقاریب میں شرکت

مختلف دائروں میں کام کرنے والی سماجی تنظیموں سے ہم آہنگی اور تجربات کا تبادلہ ہمیشہ سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی ترجیح رہی ہے۔ اس حوالے سے ذمہ داران ٹرسٹ نے درج ذیل تقریبات میں شرکت کی اور متعلقہ موضوعات پر ٹرسٹ کا نقطہ نظر پیش کیا۔

۱۔ NGORC کے زیر اہتمام لاہور میں "Tax Exemption" کے حوالے سے منعقد ہونے والی 4 روزہ ورکشاپ میں سید عامر محمود (ایگزیکٹو ڈائریکٹر) محمد مشتاق احمد مانگٹ (ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز) اور شیخ افتخار احمد (منیجر LACD) نے شرکت کی۔

۲۔ ''اخوت'' کے زیر اہتمام لاہور میں نامور سماجی شخصیت 'حاجی انعام الٰہی اثر' کی خدمات کے اعتراف میں منعقد کردہ تقریب میں سید عامر محمود (ایگزیکٹو ڈائریکٹر) نے شرکت کی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی گورنر پنجاب خالد مقبول تھے۔

۳۔ میڈیا اور سماجی تنظیموں کے درمیان اشتراک اور مکالمے کے حوالے سے NGORC نے لاہور میں عشائیے کا اہتمام کیا۔ سید عامر محمود نے ٹرسٹ کی نمائندگی کی۔

۴۔ 'ساحل' اور 'سپارک' کے اشتراک سے ''چائلڈ پروٹیکشن'' کے موضوع پر منعقد ہونے والی تقریب میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود اور پروگرام آفیسر SAP محمد احمد نے شرکت کی۔

## غزالی فورم

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی مستحکم علمی روایت ''غزالی فورم'' کا تازہ ترین اجلاس 14 دسمبر 2004ء کو منعقد ہوا۔ جس کے مہمان مقرر سیکرٹری جنرل ٹرسٹ سید وقاص جعفری تھے۔ سیکرٹری جنرل نے حال ہی میں امریکہ میں مقیم پاکستانیوں کی دعوت پر وہاں کا دورہ کیا ہے۔ اس دوران انہوں نے نیویارک، نیوجرسی، ٹیکساس، جارجیا، فلوریڈا، میساچوسٹس اور الینوائے کی ریاستوں کا دورہ کیا۔ اپنے دورہ میں جہاں انہوں نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں تک ٹرسٹ کا پیغام پہنچایا وہیں امریکی انتخابات کا مشاہدہ بھی کیا۔ ان کے اس دورے کے تناظر میں غزالی فورم کا موضوع ''دورہ امریکہ، تجربات و مشاہدات'' تھا۔ انہوں نے انتخابات کے حوالے سے امریکی عوام، مقامی مسلمانوں، پاکستانیوں کے کردار اور امریکی معاشرے کی مختلف قدروں کے حوالے سے اپنے مشاہدات بیان کئے اور بعد ازاں حاضرین کے سوالات کے جوابات دیئے۔

## ذمہ داران ٹرسٹ کے بیرون ممالک دورہ جات

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی طرف سے دور دراز اور پسماندہ دیہی پاکستان میں تعلیم کے فروغ کے لئے کی جانے والی جدوجہد جہاں اندرون ملک پذیرائی حاصل کر رہی ہے۔ وہیں بیرون ممالک میں مقیم پاکستانی بھی علم و عمل کے اس قافلے میں شرکت کر رہے ہیں۔ ایسے ہی صاحب دل اور محب وطن پاکستانیوں کی دعوت پر سیکرٹری جنرل ٹرسٹ سید وقاص جعفری امریکہ، ڈائریکٹر لاجز حافظ تنویر احمد کویت و بحرین اور ڈائریکٹر شعبہ حصول اراضی و تعمیرات محمد مشتاق احمد مانگٹ U.K.، ناروے، فرانس اور جرمنی کے دورے پر گئے۔ اپنے دورہ جات میں ان ذمہ داران نے وہاں مقیم ممتاز پاکستانیوں سے ملاقات کی اور مختلف حلقوں میں ٹرسٹ کا تعارف پہنچانے کے ساتھ ساتھ پاکستان میں تعلیمی صورتحال کی بہتری کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ ان تمام حلقوں نے ٹرسٹ کی کوششوں کو سراہتے ہوئے اپنے تعاون کی پیشکش کی۔ ادارہ ان دورہ جات میں تعاون کرنے والے حضرات کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔ اور امید کرتا ہے کہ مستقبل میں یہ تعاون جہالت کے اندھیروں کو علم کے سویروں سے بدلنے میں انتہائی اہم ثابت ہوگا۔ (انشاءاللہ)

## ہمارے مہمان

پچھلے دنوں درج ذیل شخصیات نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا اور ذمہ داران سے ملاقاتیں کیں۔

۱ LUMS کے زیر انتظام ہونے والے 'Social Enterprises Management Program' کے شرکاء نے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ محمد احمد (پروگرام آفیسر SAP) نے GET کے کام سے آگاہی کے لئے شرکاء کو ادارے کا تعارف پیش کیا۔ جبکہ سید عامر محمود (ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرسٹ) نے شرکاء کے سوالات کے جوابات دیئے۔

۲ 'Non Profit Empowerment Group (USA)' سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر طارق چیمہ نے اپنے دورہ کے دوران ٹرسٹ کے شعبہ جات کا جائزہ لیا، سیکرٹری جنرل اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرسٹ سے ملاقات کی۔

۳ "Trust for Volunteer Organization" کے ریجنل آفیسر عامر حبیب نے GET ہیڈ آفس میں عامر چیمہ (ڈائریکٹر سکولز) اور محمد احسن سرفراز (پروگرام آفیسر I&P) سے ملاقات کی۔

۴ 'چرچ ورلڈ سروس' کی مس لبنیٰ اور مس سحر نے GET ہیڈ آفس کا دورہ کیا، شیخ افتخار احمد (منیجر LACD) سے ملاقات کی اور تعلیمی شعبے میں GET کی خدمات کو سراہا۔

۵ امریکہ میں مقیم پاکستانی احباب طیب شاہین (نیوجرسی) اور اعجاز احمد (ہیوسٹن) نے GET ہیڈ آفس کے وزٹ کے دوران دو الگ الگ ملاقاتوں میں سیکرٹری جنرل ٹرسٹ سے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

۶ Human Development Foundation (USA) کے طارق ملک نے GET ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ سیکرٹری جنرل اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرسٹ نے معزز مہمان کو ادارہ کا تعارف کروایا اور اعزازی شیلڈ پیش کی۔

## سہ ماہی پلاننگ میٹنگ
## (Quarter Planning Meeting)

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ذیلی شعبہ جات کے ذمہ داران کا اہم اجلاس سید عامر محمود (ایگزیکٹو ڈائریکٹر) کی زیر نگرانی منعقد ہوا۔ جس میں شعبہ جات کی طرف سے سہ ماہی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا گیا۔ بعد ازاں ذمہ داران نے اپنے متعلقہ شعبے کی کارکردگی کے حوالے سے دیگر شرکاء کے سوالات کے جوابات دیئے۔ علاوہ ازیں اگلی سہ ماہی کے حوالے سے پلاننگ رپورٹ بھی پیش کی گئی۔ آخر میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر GET نے مجموعی تبصرہ کرتے ہوئے شعبہ جات کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور اگلی سہ ماہی کی پلاننگ پر عمل درآمد کی ہدایت کی۔

## نئی تقرریاں

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ عرصہ 9 سال کی مختصر مدت میں دیہی پنجاب کا سب سے بڑا تعلیمی نیٹ ورک بن چکا ہے جس کا اعتراف مختلف حلقہ جات کی طرف سے گاہے بگاہے کیا جاتا رہا ہے۔ کام کے پھیلاؤ کے پیش نظر ٹرسٹ کے ہیڈ آفس میں درج ذیل نئی تقرریاں عمل میں لائی گئیں ہیں۔

۱ شعبہ اکاؤنٹس میں فنانس منیجر کے طور پر عامر اسلام خان کی تقرری عمل میں آئی۔ عامر اسلام خان جامعہ پنجاب سے MBA فنانس ہونے کے ساتھ ساتھ عرصہ 12 سال تک حکومت پاکستان کے فنانس ڈویژن میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر کے فرائض انجام دے چکے ہیں۔

۲ شعبہ سٹوڈنٹ ایڈ پروگرام (SAP) میں قاضی فیضان الدین جو کہ یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (UMT) سے MBA ہیں کا بطور پروگرام آفیسر تقرر کیا گیا۔

۳ شعبہ حصول اراضی و تعمیرات (LACD) میں سیف الرحمٰن کا بطور اسسٹنٹ پروگرام آفیسر تقرر کیا گیا ہے۔ سیف الرحمٰن نے سول ٹیکنالوجی میں ایسوسی ایٹ انجینئرنگ کا ڈپلومہ حاصل کیا ہوا ہے۔

۴ شعبہ انفارمیشن اینڈ پروموشن (I&P) میں کولیکشن آفیسر کے طور پر محمد فیصل کی تقرری عمل میں آئی۔

ادارہ اُمید کرتا ہے کہ یہ اصحاب اپنی صلاحیتوں کے بہتر استعمال اور پیشہ ورانہ تقاضوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے اپنے شعبہ جات میں مزید بہتری کا باعث بنیں گے۔

## ذمہ داران کے لئے ٹریننگ ورکشاپ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر انتظام لاہور میں تین روزہ ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ اس ورکشاپ میں ہیڈ آفس، اسلام آباد، لاہور، ملتان اور فیصل آباد ریجنز اور اضلاع کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ ورکشاپ میں مختلف موضوعات پر لیکچرز، گروپ ڈسکشن اور Presentations ہوئیں۔ غزالی سکولز سسٹم کے تناظر میں ''مقامی آبادی کا تعاون''، ''ٹیچرز اساتذہ میٹنگ'' اور ''لوکل سکول کمیٹی'' کے کردار پر بھی سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا۔ ورکشاپ کے مختلف سیشنز میں پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل، پروفیسر احمد شیر اعوان، پروفیسر مشتاق احمد مانگٹ، شاہد وارثی، آصف وسیم اور سید عامر محمود نے 'سہل کاری' کے فرائض انجام دیے۔

## GCW لاہور کی پیش رفت

غزالی کالج برائے خواتین (GCW) لاہور کا 'بی اے' کے بعد 'بی ایس سی' کے لئے بھی پنجاب یونیورسٹی کے ساتھ کے الحاق ہوگیا ہے۔ صدر ٹرسٹ پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے ڈائریکٹر کالجز حافظ تنویر احمد کے نام پیغام میں اس اہم پیش رفت پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس بات کی امید کی ہے کہ غزالی کالجز برائے خواتین مستقبل میں قوم کو خواتین کے شعبے میں باصلاحیت قیادت فراہم کرنے کا ذریعہ ثابت ہوں گے۔

## تعمیرات

GET کے شعبہ حصول اراضی و تعمیرات (Land Acquistion & Construction Deptt.) کے منیجر شیخ افتخار احمد کے مطابق، شعبہ کے تحت درج ذیل سکولز میں تعمیرات کا کام جاری ہے۔

| سکول | ڈونرز | رقبہ اراضی | تعمیری مرحلہ |
|---|---|---|---|
| GSS صندل (گوجر خان) | محمد کامران (UK) | 4 کنال | نقشہ مکمل، تعمیر جلد متوقع |
| GSS لیٹی (چکوال) | چوہدری زمرد (KSA) | 3 کنال، 8 مرلے | 6 کمرے زیر تعمیر |
| GSS پپلاں (میانوالی) | شہر یار علی اور دیگر احباب (KSA) | 2.5 کنال | تعمیر جلد متوقع |
| GSS چک 81 (سرگودھا) | شہر یار علی اور دیگر احباب (KSA) | 2 کنال | 8 کمرے اور چھت کا پلستر مکمل |
| GSS مکیانہ (گجرات) | شہر یار علی اور دیگر احباب (KSA) | 2.5 کنال | 10 کمرے مکمل، 2 کمرے زیر تعمیر |
| 317 گ ب (ٹوبہ ٹیک سنگھ) | محمد مشتاق احمد مانگٹ (پاکستان) | 2 کنال | 3 کمرے مکمل، چاردیواری زیر تعمیر |
| GSS اخلاص پور (نارووال) | شیخ بلال احمد مرحوم (U.K) | 2 کنال | 4 کمرے زیر تعمیر |

## ذمہ داران غزالی ٹرسٹ کے دورہ جات

- سید عامر محمود (ایگزیکٹو ڈائریکٹر GET) اور شہید الحق ظفر (منیجر سکولز) فیصل آباد میں منعقدہ ریجنل فورم میں شرکت کی۔ جس میں چاروں ریجنز کے منیجرز موجود تھے۔ اس میٹنگ میں سکولز کے مجموعی مسائل اور مشکلات کا جائزہ لیا گیا، ان کے ممکنہ حل پر بات ہوئی جبکہ ریجنل منیجرز نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ سکولز کو مطلوبہ معیار تک لانے کیلئے اپنے اہداف کو ضرور پورا کریں گے۔
- شہید الحق ظفر (منیجر سکولز) نے سراج الرحمٰن (اسسٹنٹ پروگرام آفیسر سکولز) کے ہمراہ ضلع بہاولپور، رحیم یار خان اور ملتان کے سکولز کا دورہ کیا۔ انہوں نے دورے کے دوران سکولز کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا اور انہیں اپنی خامیوں پر قابو پانے کی تلقین کی جبکہ سکولز کی بہتری کیلئے مقامی آبادی کی شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔
- غنا محمد گجر ریجنل منیجر ملتان نے ضلع بہاولپور، وہاڑی، ڈیرہ غازی خان، مظفر گڑھ اور ملتان کے اضلاع کا دورہ کے دوران مختلف غزالی سکولز جن میں دائرہ دین پناہ، شادن لنڈ، پیرے والا موڑ، بخش والا اور شام کوٹ کی انسپکشن کی بچوں کے والدین اور مقامی کمیونٹی کے مئوثر افراد سے ملاقاتیں کیں۔ اساتذہ کے ساتھ میٹنگ کے دوران سکولز کی نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں، ٹریننگ ورکشاپس میں اساتذہ کی شرکت، سابقہ کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل جیسے امور زیر بحث آئے۔ اس دورے میں انہوں نے اسلم عزیز درانی (EDO لٹریسی ڈیرہ غازی خان)، رانا امین خان (EDO کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیرہ غازی خان)، اسلم طارق گجر (ڈسٹرکٹ آفیسر سوشل ویلفیئر ڈیرہ غازی خان)، فرخندہ یاسمین (صدر البنت ویلفیئر سوسائٹی تونسہ شریف) اور جاوید اقبال قیصرانی (نائب ضلعی ناظم ڈیرہ غازی خان) سے تفصیلی ملاقاتیں کیں اور ان شخصیات کو ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔

## ٹیچرز ٹریننگ ورکشاپس

اساتذہ قوم کے معمار ہیں۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اس حقیقت کا ادراک کرتے ہوئے اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت کیلئے مختلف ٹریننگ ورکشاپس کا انعقاد کرتا رہتا ہے۔ اس سلسلے کے کچھ پروگرامات کی جھلک پیش کی جا رہی ہے۔

1. ضلع وہاڑی کے اساتذہ کی تربیت کیلئے ''مئوثر تدریس ڈپلومہ (DTE)'' کا انعقاد ضلع وہاڑی میں کیا گیا۔ اس ڈپلومہ کے ماہانہ دو سیشن ہو رہے ہیں اور اسکی مقررہ 30 کلاسز ایک سال میں مکمل ہونگی۔ ڈپلومہ میں ضلع وہاڑی کے معروف پروفیسرز کے لیکچرز کا اہتمام کیا گیا اس ڈپلومہ میں شرکاء کو لیکچرز کے ساتھ ساتھ، مختلف Assignments، گروپ ڈسکشنز، سوال و جواب کی نشستوں اور دیگر سرگرمیوں کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کا موقع ملا۔ اس ورکشاپ کے انچارج محمد طارق جاوید ڈسٹرکٹ منیجر سکولز وہاڑی اور کوارڈینیٹر عبدالخالق شاکر تھے۔
2. مندرجہ بالا نوعیت کی DTE ورکشاپس GSS، پپلاں اور طرہ باز ٹاؤن میں بھی منعقد ہوئیں۔ جس میں رانا محمد ناظم ڈسٹرکٹ منیجر سکولز میانوالی، بھکر نے ''جائزہ اور پیمائش'' کے موضوع پر لیکچر دیا۔ شرکاء نے ورکشاپس کو خاصا سراہا۔
3. ضلع لاہور کے اساتذہ کیلئے بھی دو روزہ ٹریننگ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں اساتذہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

۴۔ محمد اقبال گوہر ڈسٹرکٹ منیجر سکولز رحیم یار خان کی زیر نگرانی ''Introduction to Education'' اور ''Curriculum Frame work'' کے موضوعات پر دو روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس پر Resource Person نے موضوع کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل گفتگو کی۔

## غزالی کالج برائے خواتین کی تقریب تقسیم انعامات

غزالی کالج اسلام آباد کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات گذشتہ دنوں اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی سینیٹر پروفیسر خورشید احمد تھے۔ جبکہ دیگر مہمانان میں وفاقی وزیر مذہبی امور محمد اعجاز الحق اور پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل (صدر GET) شامل تھے۔ تقریب میں کالج کی طالبات، انکے والدین، اساتذہ کرام اور معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مہمانان گرامی نے تعلیمی میدان میں کارہائے نمایاں سر انجام دینے والی طالبات میں انعامات اور شیلڈز تقسیم کیں۔ یاد رہے کہ غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں F.A کا رزلٹ 100% جبکہ F,Sc کا 86% رہا تھا۔ پروفیسر خورشید احمد نے اپنے خطاب میں ذمہ داران ٹرسٹ کو معیاری عصری واخلاقی تعلیم کے فروغ کیلئے اقدامات کرنے اور خواتین کے شعبے میں ایسا معیاری ادارہ قائم کرنے پر مبارکباد پیش کی۔ تقریب کے اختتام پر حافظ تنویر احمد ڈائریکٹر کالجز نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔

## رمضان المبارک میں یتامیٰ کے خاندانوں میں راشن کی تقسیم



راشن کی تقسیم کے موقع پر ریجنل منیجر ملتان غنا محمد گجر اور راشن کمیٹی کی ممبران خواتین

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ جہاں دور دراز اور پسماندہ بستیوں میں فروغ تعلیم کیلئے کوشاں ہے وہیں جہاں تک ممکن ہو صحت اور غربت جیسے مسائل پر بھی کام کر رہا ہے اسکی ایک مثال ضلع ڈیرہ غازی خان کے غزالی سکولز میں پڑھنے والے 50 یتامیٰ کے خاندانوں میں ایک ماہ کے راشن کی تقسیم ہے اس راشن میں آٹا، گھی، چاول، دالیں، سوجی، چینی اور چائے کے پیکٹ شامل تھے۔ یہ تمام کاوش لاہور سے تعلق رکھنے والے مخلص اور ہمدرد انسان ارشاد احمد قریشی کے تعاون سے ممکن قرار پائی۔ اس سلسلے کا پہلا پروگرام غزالی سکول سسٹم شادن لنڈ میں ہوا۔ یہاں پر پڑھنے والے 18 یتیم بچوں کی ماؤں نے ایک ماہ کا راشن وصول کیا جس پر انکی خوشی دیدنی تھی۔ انہوں نے اس بات پر شکریہ ادا کیا کہ غزالی ٹرسٹ نہ صرف انکے بچوں کی تعلیمی کفالت کر رہا ہے بلکہ اب اس پروگرام سے انکی مشکلات میں مزید کمی آئے گی۔ اس پروگرام میں حافظ خالد رؤف نائب ناظم تحصیل ڈیرہ غازی خان اور غلام یٰسین خان سینئر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول احمدانی نے خصوصی شرکت کی جبکہ راشن کمیٹی کے ممبران میں جاوید اقبال اخوان ڈسٹرکٹ منیجر ڈیرہ غازی خان سکولز، سردار سعید احمد خان لنڈ مقامی زمیندار اور بلال احمد پرنسپل غزالی سکول سسٹم شادن لنڈ شامل تھے۔ دوسرا پروگرام مسلم گرلز سکول تونسہ شریف میں ہوا۔ جس میں 16 یتیم بچوں کے خاندانوں میں راشن تقسیم ہوا۔ اس پروگرام میں ملک منظور احمد بھٹہ پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج تونسہ شریف اور رابعہ رسول پرنسپل گورنمنٹ گرلز کالج تونسہ شریف نے خصوصی شرکت کی۔ جبکہ ممبران راشن کمیٹی میں فرخندہ یاسمین، مسز نگہت ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ سکول ڈونہ اور مس رابعہ رسول شامل تھیں۔ اس سلسلے کا تیسرا اور آخری پروگرام غزالی سکول سسٹم دائرہ دین پناہ میں منعقد ہوا۔ یہاں پر بھی 16 یتامیٰ طلباء طالبات کے خاندانوں میں راشن تقسیم کیا گیا۔ اس پروگرام کے مہمانان خصوصی میں مسز مشتاق فاروقی ممبر ضلع کونسل مظفر گڑھ اور اقبال خان اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر شامل تھے۔ جبکہ راشن کمیٹی میں ذوالقرنین پرنسپل غزالی سکول سسٹم دائرہ دین پناہ اور مسز مشتاق فاروقی شامل تھیں۔

## اساتذہ و والدین ملاقات
## (Parent Teacher Meeting)

سہ ماہی میں ایک بار غزالی ٹرسٹ کے زیرِ انتظام سکولز میں باقاعدہ ایجنڈے کے تحت اساتذہ، والدین ملاقات (Parent Teacher Meeting) کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ جس کا بنیادی مقصد والدین کو بچوں کی تعلیمی صورتحال سے آگاہ رکھنا اور سکول کی بہتری کیلئے مشورے میں شریک کرنا ہے۔ ذیل میں کچھ سکولز کی پی ٹی ایم کا احوال بیان کیا جارہا ہے۔

۱ غزالی سکول سسٹم محمود والا (بھکر) میں رانا محمد ناظم ڈسٹرکٹ منیجر سکولز کی زیرِ صدارت پی ٹی ایم میں 60 والدین نے شرکت کی جس میں بچوں کی تعلیم، وقت کی پابندی، قرآن پاک کی تعلیم اور یتیم و نادار بچوں کیلئے فنڈز کی فراہمی پر گفتگو ہوئی۔ والدین کی طرف سے یتیم و نادار بچوں کیلئے -/5000 روپے کا عطیہ دیا گیا جبکہ اسی میٹنگ میں سکول کے پرنسپل محمد اسلم خان نے GSS محمود والا کیلئے چار کنال زمین عطیہ دینے کا اعلان کیا۔ بعد ازاں اس رقبے کا سکول کے نام انتقال کروالیا گیا ہے۔ رانا محمد ناظم نے حاضرین کا شکریہ کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ والدین مقامی آبادی کے تعاون سے سکول ہذا مستقبل میں بھی ترقی کی منازل طے کرتا رہے گا۔ انشاءاللہ

۲ غزالی سکول سسٹم چک نمبر 54 شمالی (ضلع سرگودھا) کی پی ٹی ایم کا انعقاد، ڈاکٹر شاہد اقبال ڈسٹرکٹ منیجر سکولز سرگودھا کی زیرِ صدارت منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں 35 والدین شریک ہوئے۔ اس پی ٹی ایم کی خاص بات انگلش میڈیم نصاب کے بارے میں ڈسکشن تھی جس پر حاضرین نے اپنی آراء کا اظہار کیا۔

۳ غزالی سکول سسٹم 81 جنوبی (ضلع سرگودھا) کی پی ٹی ایم کا انعقاد بھی ڈاکٹر شاہد اقبال ڈسٹرکٹ منیجر سکولز (سرگودھا) کی زیرِ صدارت ہوا۔ جس میں والدین کے علاوہ، لوکل کمیٹی کے ممبران نے شرکت کی۔ اس میٹنگ میں سکول کے ضمنی اور ذیلی امور زیرِ بحث آئے، جبکہ حاضرین نے سکول کی مجموعی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا۔

## یوم والدین اور اقبال ڈے

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ (GET) کے زیرِ انتظام سکولز جہاں نونہالانِ قوم کو اچھی اور معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے کوشاں ہیں وہیں مقامی آبادی کی ذہنی اور فکری تربیت کیلئے مختلف سماجی تقاریب بھی منعقد کرتے رہتے ہیں۔ اس سلسلے کے تحت غزالی سکول سسٹم (GSS) چاوے والا سرگودھا میں اقبال ڈے کے موقع پر ایک رنگا رنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ سکول کو جھنڈیوں سے سجایا گیا تھا۔ علاقے کے نامور شاعر، ادیب اور کالم نگار "محمد یوسف خورشید" کی زیرِ صدارت اس تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ جسے پریپ کلاس کے طالبعلم محمد ابوبکر صدیق نے پیش کیا جبکہ نعتِ رسول مقبول کی سعادت کلاس سوئم کے طالبعلم عنائت اللہ نے حاصل کی بعد ازاں بچوں نے کلام اقبال پیش کیا اور فکرِ اقبال کے مختلف پہلوؤں پر تقاریر کیں۔ تقریب میں موجود معززین علاقہ نے بچوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس پُر وقار تقریب کے انعقاد پر اساتذہ اور پرنسپل کو مبارکباد پیش کی۔

- یوم والدین کے حوالے سے ایک اور تقریب ڈسٹرکٹ منیجر سرگودھا محمد شاہد اقبال کی زیرِ صدارت غزالی سکول سسٹم چاوے والا ہی میں منعقد ہوئی۔ والدین کی بڑی تعداد نے اس تقریب میں شرکت کی اور بچوں کی طرف سے پیش کئے جانے والے ملی نغموں، تقاریر اور کوئز پروگرامات کو انتہائی پسند کیا۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی یوسف خورشید نے اول، دوم، سوئم آنے والے طلبا و طالبات میں انعامات تقسیم کیے۔ آخر میں ڈسٹرکٹ منیجر سکولز نے مہمانان کو شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ مستقبل میں مقامی آبادی کے تعاون سے غزالی سکول چاوے والا (سرگودھا) ترقی کی مزید منازل طے کرے گا۔

## عید ملن تقاریب

غزالی سکولز سسٹم نے عید کی خوشیوں کو دوبالا کرنے کیلئے "عید ملن تقاریب" کا اہتمام کیا۔ ذیل میں چند تقاریب کی مختصر روداد پیش کی جا رہی ہیں۔

۱۔ غزالی سکول سسٹم (GSS) محمود والا (ضلع بھکر) میں عید ملن تقریب کا آغاز کلاس چہارم کے طالبعلم محمد تیمور خان کی تلاوت قرآن پاک سے ہوا جبکہ نعتِ رسول ﷺ اور حمد باری تعالیٰ بھی پیش کی گئی۔ بچوں کے درمیان لٹکے ہوئے سیب کھانے، غباروں میں ہوا بھرنے، رومال اُٹھانے اور بچیوں کے درمیان مہندی رچانے، چوڑیاں پہننے اور دیگر دلچسپ مقابلہ جات کروائے گئے۔ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بچے اور بچیوں میں محمد ریاض خان، ذوالقرنین خان، ثمرین گل، میمونہ مریم، سمعیہ پروین، عاصمہ گل، قرأۃ العین، شہلا خان اور حراء جبیں شامل ہیں جنھیں بعد ازاں انعامات تقسیم کیے گئے۔ آخر میں بچوں کو ریفریشمنٹ کروائی گئی۔

۲۔ GSS پپلاں (ضلع میانوالی) میں عید ملن تقریب انتہائی جوش و خروش سے منائی گئی۔ بچوں نے نئے اور دیدہ زیب لباس پہن رکھے تھے اس موقع پر بچوں نے مختلف سرگرمیوں اور کھیلوں کے مقابلوں میں حصہ لیا بعد ازاں انکی تواضع پھلوں سے کی گئی۔

۳۔ GSS احمد خان والا (ضلع میانوالی) میں بھی عید ملن تقریب بچوں کیلئے خوشیاں اور مسرتیں لیکر آئی۔ بچوں کے لباس دیکھ کر لگ رہا تھا کہ جیسے رنگ و نور کا سیلاب اُمنڈ آیا ہو۔ اس تقریب میں بچوں نے ٹیبلو اور خاکے پیش کیے بعد ازاں رانا محمد ناظم ڈسٹرکٹ منیجر سکولز نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے بچوں میں انعامات تقسیم کیے جبکہ تقریب کے اختتام پر بچوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

---

۱ GSS 57/WB (ضلع وہاڑی) کی مقامی آبادی نے سکول ہذا کو ایک کمپیوٹر عطیہ کیا۔


۲ GSS تری خیل (ضلع میانوالی) میں مقامی آبادی کی طرف سے سکول کو ایک کنال زمین عطیے میں دی گئی۔ اس زمین کا انتقال سکول کے نام کروالیا گیا ہے۔

۳ GSS دھریمہ (ضلع سرگودھا) کے یتیم بچوں کے لیے مقامی آبادی کے نیک دل انسان سید مختار حسین شاہ نے -/30,000 روپے کا عطیہ دیا۔

۴ ضلع وہاڑی نے رمضان المبارک میں "بہبود طلباء فنڈ مہم" کے تحت علاقے کے مخیر اور مؤثر افراد تک ٹرسٹ کا تعارف پہنچایا۔ ضلع وہاڑی کے ڈی ایم ایس اور اساتذہ کی کاوشوں کی بدولت درج ذیل اہل خیر اور علم دوست احباب نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ساتھ بھرپور سرپرستی اور تعاون کیا۔

- چوہدری ممتاز احمد نے 2 کنال اور چوہدری عبدالحمید نے 1 کنال زمین غزالی سکول سسٹم 12/WB کو عطیہ کی۔
- سید جاوید حسین شاہ نے -/10,000 روپے غزالی سکول سسٹم کالیہ شاہ کو عطیہ دیا۔
- چوہدری بشیر احمد نمبردار نے 1 کنال زمین غزالی سکول سسٹم 159/WB کو عطیہ کی۔
- حاجی محمد طفیل وڑائچ، خالد حیات خان ایڈووکیٹ، عبدالعزیز بھٹہ، ڈاکٹر غلام حسین، حافظ محمود احمد شاد اور چوہدری عبید حسن نے ایک یتیم / نادار بچے کی سالانہ کفالت کیلئے -/3500 روپے فی کس عطیے میں دیئے۔
- انجینئر رفیق چوہدری، طارق رفیق، رانا منصور علی خان نے ایک ہزار روپے فی کس جبکہ پروفیسر شاہد علی خان نے -/500 روپے عطیہ دیا۔

# تصاویر کے آئینے میں



صوبہ سرحد کے سینئر وزیر سراج الحق GET ہیڈ آفس کے دورہ کے موقع پر
مہمانوں کی کتاب میں تاثرات درج کرتے ہوئے



GCW اسلام آباد کی تقریب تقسیم انعامات سے وفاقی وزیر برائے مذہبی امور محمد اعجاز الحق مخاطب ہیں۔ جبکہ سٹیج پر
سینئر پروفیسر خورشید احمد، صدر GET پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل اور ڈائریکٹر کالجز حافظ تنویر احمد بھی موجود ہیں۔





سیکرٹری جنرل GET سید وقاص جعفری "غزالی فورم" سے مخاطب ہیں جبکہ بائیں جانب صدر GET
پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل اور ڈائریکٹر سکولز عامر محمود چیمہ بھی موجود ہیں۔



LUMS کے "سوشل انٹر پرائز مینجمنٹ پروگرام" کے شرکاء GET ہیڈ آفس میں



ضلع سرگودھا اور خوشاب کے اساتذہ کے لئے DTE ورکشاپ کا ایک منظر جس میں ریسورس پرسن شفیق احمد
"انگلش ٹیچنگ" کے موضوع پر مخاطب ہیں۔




ورکشاپ میں "مقامی آبادی کا تعاون" کے موضوع پر گروپ ورک کا ایک منظر



سینئر صوبائی وزیر و وزیر خزانہ سراج الحق کے اعزاز میں عشائیہ کی تقریب کا ایک منظر



مقامی ایم پی اے طاہر اقبال چوہدری، ڈائریکٹر PIPS مری چوہدری نصر اقبال اور
ریجنل منیجر ملتان غناء محمد گجر GSS وہاڑی کی افتتاحی تقریب کے موقع پر



GET ہیڈ آفس، ریجنز اور اضلاع کے ذمہ داران کا ورکشاپ کے موقع پر گروپ فوٹو



رمضان المبارک کے دوران لاہور میں GET کی طرف سے لگنے والے ہورڈنگز میں سے ایک کا منظر



GSS پپلاں (میانوالی) کی عید ملن تقریب میں شریک بچیاں مہندی رچانے کے مقابلہ میں




59/WB GSS وہاڑی کے طلبہ ملی نغمہ پیش کرتے ہوئے۔

Association For Academic Quality
ایسوسی ایشن فار اکیڈمک کوالٹی

نجی سکول سسٹمز کا مشترکہ علمی فورم

ٹیکسٹ بکس | ٹیچرز ٹریننگ | تعلیمی رہنمائی

قومی تعلیمی نصاب اور اسلامی نظریہ حیات
کی روشنی میں لکھی گئی

آفاق ٹیکسٹ بکس

Afaq
آفاق

- موادکی پیشکش جدید طریقہ تعلیم اور اسلامی تناظر میں
- بچوں کی نفسیات اور ذہنی سطح کے عین مطابق
- قومی امنگوں، ملی ثقافت اور روزمرہ زندگی سے مربوط
- طلباء میں غوروفکر اور تجزیاتی سوچ پیدا کرنے میں معاون
- اعلیٰ معیار اور ہم عصر سیریز کے مقابلے میں ارزاں
- معیاری اور بامقصد تعلیم کا نام

ہیڈ آفس
796۔سی، فیصل ٹاؤن، لاہور فون: 042-5171090-5166406 فیکس: 5171089

مارکیٹنگ اینڈ سیلز
سیکنڈ فلور کمپیوٹر ایس سینٹر، 3 کورٹ سٹریٹ، لوئر مال، لاہور فون: 042-7248070-7249659-7248259
فیکس: 7248259

آفاق بک شاپ
110۔چیٹر جی روڈ، اردو بازار، لاہور فون: 042-7247585

کتب ادارہ کے مقرر کردہ ڈیلرز یا براہ راست ہم سے طلب کریں۔

ٹیکسٹ بکس کی فراہمی میں کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں فوری رابطہ کریں۔ 0300-4600509, 0300-8412905

بچوں کی ابتدائی تعلیم و تربیت کیلئے
مرحلہ وار، آسان، دیدہ زیب اور دلچسپ

احباب

ٹیکسٹ بُکس
ورک بُکس




احباب پبلشرز اینڈ پرنٹرز
AHBAB

B-70، شمع پلازہ، 72-فیروز پور روڈ لاہور
فون: 7587987 42 92+ فیکس: 7551078 42 92+ موبائل: 0300-4883588

## ”روشن مستقبل مہم“ کا آغاز

ایک کلاس اور ایک استاد سے شروع ہونے والے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تمام سکولز میں ہر سال ایک نئی کلاس کا اضافہ ہوتا ہے۔ نئے تعلیمی سال 2005ء میں 254 سکولز میں 254 کلاسز کے اضافے پر ٹرسٹ کو ان کلاسز کے لئے فرنیچر، بلیک بورڈ، واٹر کولر، سیلنگ فین وغیرہ کی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔ ٹرسٹ کے شعبہ انفارمیشن اینڈ پروموشن (I&P) نے ان ضروریات کی فراہمی کے حوالے سے ”روشن مستقبل مہم“ کا آغاز کیا ہے۔ شعبہ کے پروگرام آفیسر محمد احسن سرفراز نے درددل رکھنے والے حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ آئیں اور کسی ایک چیز کی فراہمی کا ذمہ لے کر اس منفرد علمی تحریک کے دست و بازو بنیں۔ تاکہ امید، تعاون اور علم کی روشنی کا سفر آگے بڑھتا رہے۔ اس مہم کی مزید تفصیلات کے لئے ٹرسٹ کے ای میل ایڈریس info@get.org.pk یا براہ راست شعبہ I&P سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## مہمانوں کی کتاب سے

### سراج الحق (سینئر صوبائی وزیر، وزیر خزانہ سرحد)

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے قلیل عرصے میں بہت بڑا کارنامہ دکھایا ہے دیہاتی علاقوں میں علم کی روشنی پھیلا کر تمام رضا کار تنظیموں کو فلاحی کاموں کا رستہ دکھایا ہے۔ آج ان کی کارکردگی رپورٹ دیکھ کر انتہائی اطمینان ہوا۔ میں ٹرسٹ کے جملہ منتظمین کو مبارکباد دیتا ہوں۔ ■

### ایس ایم ظفر (سابق وزیر قانون و سینیٹر)

یہ امر باعث اطمینان ہے کہ تعلیم کے میدان میں مخلص اور اپنے اوپر یقین رکھنے والے ایک معزز گروہ نے امام الغزالیؒ کی نسبت سے کام کرنے کا بیڑہ اٹھایا ہے اور آج کی ملاقات سے یہ امید پیدا ہوتی ہے کہ یہ اپنا کام کر گزریں گے۔ ■

### ڈاکٹر اجمل نیازی (کالم نگار روزنامہ نوائے وقت)

دور دراز بستیوں میں جہاں غریبی اب بدنصیبی بن چکی ہے۔ غزالی سکول سسٹم نے ایک عجب معرکہ آرائی کی ہے۔ ان سکولوں میں شہروں کے مقابلے میں کچھ کمی نہیں ہے۔ یہ کام سچے جذبے کے بغیر نہیں ہو سکتا۔

### میاں محمد آصف (ایس ایس پی موٹروے)

پاکستانی معاشرے کے بہت سارے مسائل ایجوکیشن میں کمی کے باعث ہیں۔ اس پر سبھی متفق ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے اس کا احساس کیا اور عملی طور پر قوم کو ایجوکیٹ کرنے کا آغاز کیا۔ اللہ تعالیٰ اس ادارے کو اپنے نیک اور احسن کام میں کامیاب و کامران کرے۔ ■

### ملک نعیم رفیع (ممبر کراچی سٹاک ایکسچینج)

میں نے غزالی ٹرسٹ کے دفتر کو دیکھا، یہاں کا کام بہت بہترین طریقے میں انجام دیا جا رہا ہے۔ سب سے زیادہ خوشی کی بات یہ ہے کہ یہ تمام کام نہایت خلوص اور ایثار کے جذبے کے تحت صرف اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے لئے کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جزا دے۔ ■

### Tariq H. Cheema
(Non Profit Empowerment Group, USA)

Mashallah ! its wonderful to see a movement of social change in action. I look forward to cooperate and learn as well from this model.

### Irshad A. Qureshi
(A Donor from Lahore)

Ghazali Trust is doing a great job. May Allah bless it with further success. ■

---

### آپ کی زکوٰۃ اور صدقات کے مستحق ادارے



**حرفِ تمنا**
☆☆☆☆☆
**ارشاد احمد حقانی**

ادھر چند سال سے میرا معمول ہے کہ میں رمضان المبارک کے آغاز پر ملک کے مختلف حصوں اور خدمت خلق کے مختلف میدانوں میں رفاہی کام کرنے والے اداروں کا اس کالم میں تعارف کراتا ہوں جو میری اطلاع اور علم کے مطابق خالصتاً لوجہ اللہ تعلیم، صحت، معذور افراد کی بحالی بالخصوص نابیناؤں کی تعلیم وغیرہ کے لئے انتہائی مفید خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اس کالم کی اشاعت کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اہل خیر کو ایسے اداروں کی فہرست مل جاتی ہے جن کی امداد پورے اعتماد سے کی جا سکتی ہے۔

ایک اور ادارہ ''غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ'' کے نام سے تعلیم کے میدان میں مفید خدمت سرانجام دے رہا ہے۔ اس کے سکولوں کی تعداد تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ اس کا ایڈریس F-66 ماڈل ٹاؤن لاہور فون 042-5882939 ہے۔ ای میل ایڈریس getpak@hotmail.com ہے۔

(روزنامہ جنگ لاہور 19 اکتوبر 2004ء)

### وہ جو دل درد مند رکھتے ہیں



**عریضہ**
**سیف اللہ خالد**
saifabdali@hotmail.com

غربت اور جہالت عوام کا شعور نوچ رہی ہے ایسے میں اللہ بھلا کرے غزالی ٹرسٹ کا کہ جس کے ذمہ داران نے اس فرض کفایہ کو سمجھا اور غربت و جہالت کا شکار مخلوق خدا کی دستگیری کا فیصلہ کیا۔ 1995 میں شروع ہونے والا یہ منصوبہ اہل وطن کے تعاون اور اللہ کی مہربانی سے آگے بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ اب تک پنجاب کے 26 اضلاع کے دیہات میں غزالی ٹرسٹ کے 254 سکول سورج بن کر جہالت کی تاریکیوں کو ختم کر رہے ہیں۔ ان میں 937 اساتذہ، 19 ہزار 330 طلبہ کا مستقبل سنوارنے میں مصروف عمل ہیں۔ ان طلبہ میں 986 یتیم اور 6542 دیگر مستحق طلبہ ہیں۔ جن سے نہ صرف فیس نہیں لی جاتی بلکہ غزالی ٹرسٹ کتب اور وردیاں بھی اپنے پاس سے فراہم کرتی ہے۔

نیک نہاد، محنتی اور دیانتدار نوجوانوں پر مشتمل غزالی ٹرسٹ کی ٹیم پنجاب کے ہر گاؤں میں علم کی روشنی بانٹنے کی خواہاں ہے۔ اس یقین سے مالا مال بھی کہ یہ خواب بہت جلد پورا ہوگا کیونکہ اب تک چلنے والے 254 سکول بھی اہل خیر کے تعاون سے چل رہے ہیں۔ اس ملک میں، اس معاشرہ میں اہل خیر کی کمی نہیں، وہ اہل خیر جو جہالتوں سے لڑنا چاہتے ہوں، ان کے بہترین موقع ہے خصوصاً وہ جو دیہات کے کچے گھروں سے اٹھے اور تعلیم کی دولت نے انہیں مالا مال کر دیا۔ ان پر تو ان کے ماضی کا قرض بھی ہے کہ وہ پیچھے پلٹ کر دیکھیں اور اپنے اپنے حصے کا بوجھ بٹائیں تاکہ گاؤں کے غریب ضرورت مند بچے بھی علم کی روشنی حاصل کر سکیں۔ اس سلسلہ میں غزالی ٹرسٹ کے ذمہ داران فون نمبر 5882939 5850966 پر دستیاب ہیں۔ دل درد مند رکھنے والوں کو چاہیے کہ پہلے غزالی ٹرسٹ کے سکولوں کا دورہ کریں، دیکھیں کہ یہ لوگ کیسے کام کر رہے ہیں، کیا کر رہے ہیں؟ اس کے بعد جوان کے جی میں آئے فیصلہ کریں، مگر ایک بار ان نوجوانوں کو دیکھیں ضرور کم از کم ان کی حوصلہ افزائی ضرور کریں۔

(روزنامہ انصاف لاہور 22 اکتوبر 2004ء)

---

**Subject: Submission of Donation Check Prs 50,000/-**

Dear Sir,

Enclosed, herewith, you will find a Citibank Draft favouring your esteem Trust. Kindly accept my hearty and most sincere congratulations for the glorious welfare services your Trust is accomplishing for the deserving human beings. Please keep up with this high and noble spirit and may Allah Almighty give all of you His blessings for these noble deeds. Amin

Thanking you and requesting the receipt of this draft.

Yours truly,

Abbas Hussain Malik

ایک ڈونر کا ٹرسٹ کے نام خط

---

## نئی ویب سائٹ کا اجراء




غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے مقاصد کے فروغ کے لئے ادارے کی نئی ویب سائٹ www.get.org.pk کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ اس ویب سائٹ میں ادارے سے متعلق تازہ ترین معلومات فراہم کی گئیں ہیں۔ GET کے زیر انتظام تمام سکولز کا ریکارڈ بھی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ جبکہ نئی Picture Gallery بھی ویب سائٹ کا مشاہدہ کرنے والوں کے لئے دلچسپی کا باعث ہوگی۔ اس ویب سائٹ کی مزید بہتری کے لئے کام جاری ہے۔ علاوہ ازیں GET نے اپنا نیا ای میل ایڈریس بھی حاصل کر لیا ہے جس کا ایڈریس info@get.org.pk ہے۔ ادارہ امید کرتا ہے کہ یہ پیش رفت GET کے کام کے ابلاغ میں اہم ثابت ہوگی۔

Visit us: www.get.org.pk